# نبُوّتی پیغام کا خلاصہ
## سبق نمبر 3: پیشن گوئی کا مُقرّ ب باغی فِرشتہ

**ایک حیرت انگیز حقیقت:** آکٹوپس تمام سمُندری مخلوقات میں سب سے زیادہ لچکدار ، ہرفن مولا اورچالاک ہے - جب بھیس بدلنے کی بات آتی ہے تو یہ حتمی طور پر گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے۔ فرض کر لیں کہ اپنی جلد میں موجود خاص خلیات کی بدولت، آکٹوپس ایک ہزار مرکبات کا مجموعہ ہے کہ جِس میں اپنی رنگت اور جلد کی ساخت کو بھی تبدیل کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے، آنکھ جھپکتے ہی یہ سمُندر کے فرش میں دھندلا پڑ سکتا ہےصرف ایک اور نا ہموار چٹان ، مرجان کا ٹکڑا ، یا تیرتی ہوئی سمُندری گھاس لگتا ہے-یا یہاں تک کہ یہ کیکڑوں ، مچھلیوں اور سمُندری سانپوں جیسی دیگر مخلوقات کی نقل و حرکت کی نقل بھی کر سکتا ہے۔

1869میں گریگوری راس پیوٹن سائبیریا میں کسانوں کے ایک خاندان میں پیدا ہوا ، گریگوری راس پیوٹن ہمیشہ روسی پادریوں کی طاقت اور رسومات سے متاثر رہتا تھا - 1897 میں ایک عظیم مذہبی مکاشفہ کا تجربہ کرنے کا دِکھاواکرنے کے بعد ، اُس نے خود کو ایک بھٹکتے ہوئے راہب اور مُقدّس آدمی کے طور پر پیش کیا -

اگرچہ زیادہ تر ناخواندہ تھا ، راس پیوٹن ہوشیار اور کرشماتی تھا - 1904 میں ، اُس نے سینٹ پیٹرزبرگ کا سفر کیا ، جس نے بہت سے مذہبی اور سماجی طبقات کے سامنے خود کو ایک صوفیانہ اور رُوحانی معالج کے طور پر متاثر کیا - آخر کار اُس کی ملاقات زار نکولس دوئم اور اُس کی بیوی الیگزینڈر سے ہوئی - نیم حکیم پادری آہستہ آہستہ شاہی خاندان میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو گیا اُس نے دعویٰ کیا کہ وہ زار کے اکلوتے بیٹے الیکسی کو ٹھیک کر سکتا ہے ، جو ہیموفیلیا سے شدید متاثر تھا - عجیب بات یہ ہے کہ نوجوان الیکسی راس پیوٹن کے مشورے پر عمل کرکے بہتر ہوتا نظر آیا - راس پیوٹن جلد ہی محل میں ایک فکسچریعنی مستقل اثاثہ بن گیا -

جب زار نکولس نے 1915 میں پہلی جنگ عظیم میں روسی فوج کی کمان سنبھالنے کے لیے سینٹ پیٹرزبرگ چھوڑا تو راس پیوٹن نے الیگزینڈر پر اپنی ہیرا پھیری کی سیاست کو مضبوط کیا ، یہاں تک کہ تباہ کن سیاسی اور فوجی فیصلوں کو بھی متاثر کیا - بہت سے لوگوں نے مہارانی پر" پاگل راہب "کے ساتھ تعلقات رکھنے کا الزام لگایا - 30 دسمبر 1916 کو روسی شہزادوں کے ایک گروہ نے ، جو شاہی خاندان پر برے چارلٹن کے اثر و رسوخ سے خوفزدہ تھے ، راس پیوٹن کو قتل کر کے ملایا نیوکا دریا میں پھینک دیا -

بہت سے مورخین روسی سلطنت کے زوال اور کمیونزم کے عروج کو راس پیوٹن کے تباہ کن اثر و رسوخ سے منسُوب کرتے ہیں - بائبل مُقدّس ایک طاقتور ، باغی اور مُقرّب دُشمن فِرشتہ کی کے بارے میں بھی بتاتی ہے جس نے پوری دنُیا کو دھوکہ دیا اور اِس کُرہ ارض کو اگواہ کرلیا، جس سے بے شمار مصائب پیدا ہوئے...

کاپی رائٹ © 2024 از امیزنگ فیکٹس انٹرنیشنل۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
P.O Box 1058, Roseville, CA 95678 | amazingfacts.org | 800-538-7275 |
The Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright © 2010, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved.

**جب آپ کو کوئی _________ خالی جگہ نظر آئے تو، بائبل مُقدّس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کریں اور اُس جگہ کو پُر کریں ...**

## 1. جنت میں اُس مُقرّب باغی فرشتہ کا نام کیا تھا ، اور اُس نے بغاوت کیوں کی ؟"

**یسعیاہ 12:14** "اَے صُبح کے روشن _______________ تُو کیونکر آسمان پر سے گِر پڑا! اَے قَوموں کو پست کرنے والے تُو کیونکر زمِین پر پٹکا گیا' !

**یسعیاہ 14:13:14** "تُو تو اپنے ____________ میں کہتا تھا مَیں آسمان پر چڑھ جاؤں گا۔ مَیں اپنے تخت کو خُدا کے سِتاروں سے بھی اُونچا کرُوں گا اور مَیں شِمالی اطراف میں جماعت کے پہاڑ پر بَیٹُھوں گا۔ 'مَیں بادلوں سے بھی اُوپر چڑھ جاؤں گا۔ مَیں ____________ ____________ کی مانِند ہُوں گا۔"

**حزقی ایل 17:28** " تیرا دِل تیرے حُسن پر __________ کرتا تھا ۔ تُو نے اپنے __________ کے سبب سے اپنی حِکمت کھو دی۔

**نوٹ:** لوسیفر خُدا کی مخلوق میں سب سے زیادہ طاقتور اور حسین و جمیل تھا ۔ وہ فرشتوں میں سب سے افضل تھا اور غالبا آسمانی کوائر کی قیادت کرتا تھا ۔ لیکن اس نے اپنی حِکمت اور حسن وجمال کی بدولت اپنے اندر گھمنڈ بھر دِیا ۔ (اس سبق کے آخر میں "شیطان کو صور اور بابل کے بادشاہوں کی طرف سے علامت بنایا گیا" با عنوان سے ضمیمہ دیکھیں۔)

## 2. کیا خُدا نےلوسیفر کو تخلیق کرتے وقت شیطان بنایا تھا؟

**حزقی ایل 15:28** "' تُو اپنی پَیدایش ہی کے روز سے اپنی راہ و رسم میں _____________ تھا جب تک کہ تُجھ میں _____________ نہ پائی گئی۔'

**نوٹ:** خُدا نے ایک کامل فرشتہ بنایا جس نے اپنی مرضی سے خُدا کا دُشمن بننے کا انتخاب کیا۔ایک ایسا انتخاب جس نےآخر اُسے شیطان بنا دیا ۔

اُس کا تصّور کرنا مشکل ہو سکتا ہے ، لیکن اگر ہم لوسیفر کو اُس کے گرنے سے پہلے جانتے تو ہم اُس سے پیار کرتے ۔ ہم بالکل نہیں جانتے کہ کتنی دیر تک ، لیکن لوسیفر نے اپنے دل میں گھمنڈ اور دُشمنی کے بیج پالنے سے پہلے صدیوں تک خوشی سے خُدا کی خدمت کی ہوگی ۔ خُداوند اپنی تمام مخلوق کو روبوٹ کی طرح بنا سکتا تھا ، لیکن روبوٹ مُحبّت نہیں کر سکتا ۔ سچی مُحبّت کو آزادانہ طور پر بانٹنا چاہیے ،اور خطرہ مول لینے کے لیے تیار ہونا چاہیے کہ شاید مُحبّت کا جواب مُحبّت نہ دِیا جائے ۔ بچے پیدا کرتے وقت والدین بھی وہی خطرات مول لیتے ہیں ، یہ جانتے ہوئے کہ وہ بعض اوقات نافرمانی کریں گے ۔

خُدا نے لوسیفر کو کئی وجوہات کی بنا پر اپنی بغاوت کو سر انجام دینے کی اجازت دی ۔ سب سے پہلے ، خُدا کو ہمیشہ کے لیے اِس سوال کو حل کرنا تھا کہ آیا اس کی مخلوق کو انتخاب کی آزادی ہے یا نہیں ۔ دوسرا ، اگر خُدا نے لوسیفر کو اپنی مُحبّت اور حکومت کے بارے میں غلط شکوک و شبہات پھیلانے کے آغاز ہی میں تباہ کر دیا ہوتا ، تو دوسرے فرشتوں اور ذہین آسمانی مخلوق کے اندر دیرپا شکوک و شبہات پید ا ہو جاتے ۔ اور وہ یہ سوچتے کہ ،" شاید لوسیفر صحیح تھا ۔ "لہٰذا ، لوسیفر کو گناہ کےانتخاب اور اُس کے خوفناک نتائج کا مظاہرہ کرنے کی اجازت ہونی چاہیے ۔

آخر میں ، خُدا نہیں چاہتا کہ اُس کی مخلوق صرف اِس وجہ سے اُس کی اطاعت کرے کہ اگر وہ اَیسا نہیں کرتے ہیں تو وہ اُنہیں سزا دے گا ۔ وہ چاہتا ہے کہ ہم خوف کی بجائے مُحبّت کے اصولوں سے اُس کی اطاعت کریں ۔

## 3. بالآ خر لوسیفر کے ساتھ کیا ہوا ؟

**مکاشفہ 7:12** " 'پِھر __________ پر __________ ہُوئی۔ مِیکائیل اور اُس کے فرِشتے اژدہا سے لڑنے کو نِکلے اور __________اور اُس کے فرِشتے اُن سے لڑے۔

**نوٹ:** آخر کار ، لوسیفر اور اُس کا ساتھ دینے والے فرشتوں کو جنت سے نکال دیا گیا ۔

## 4. کون سی طاقتور مخلوقات شیطان کے حکم کے تحت کام کرتی ہیں؟

**مکاشفہ 4:12** " ' اور اُس کی دُم نے آسمان کے ____________ سِتارے کھینچ کر زمِین پر ڈال دِئے... "

**مکاشفہ 9:12** "اور وہ بڑا اژدہا یعنی وُہی پُرانا سانپ جو اِبلِیس اور شَیطان کہلاتا ہے اور سارے جہان کو گُمراہ کر دیتا ہے زمِین پر گِرا دِیا گیا اور اُس کے____________ بھی اُس کے ساتھ گِرا دِئے گئے۔"

**نوٹ:** شیطان اتنا چالاک ہے کہ وہ خُدا کے خلاف بغاوت میں اپنی پیروی کرانے کے لیے آسمان کے ایک تہائی فرشتوں کو دھوکہ دینے میں کامیاب رہا ۔ اب" شیطانی " رُوحیں" کہلاتی ہیں ، یہ گرے ہوئے فرشتے ہیں جو شیطان کے منصوبوں پر عمل کرتے ہیں ۔

## 5. شیطان اپنے کام میں کون سے طریقے استعمال کرتا ہے؟

A. **مکاشفہ 9:12** شیطان جو سارے جہان کو ________________ کرتا ہے۔

B. **مرقس 13:1** "وہ وہاں بیابان میں چالیس دن تک شیطان سے ________________ آزمایا گیا۔

C. **مکاشفہ 14:16** "یہ شیاطین کی ________________ دِکھانے والی رُوحیں ہیں جو یہ کام سر انجام دے رہی ہیں۔

D. **مکاشفہ10:12** "پھر مَیں نے آسمان پر سے یہ بڑی آواز آتی سُنی کہ اَب ہمارے خُدا کی نجات اور قُدرت اور بادشاہی اور اُس کے مسِیح کا اِختیار ظاہِر ہُؤا کیونکہ ہمارے بھائِیوں پر ______________ لگانے والا جو رات دِن ہمارے خُدا کے آگے اُن پر ____________لگایا کرتا ہے گِرا دِیا گیا۔'

E. **یوحنا44:8** " ..... وہ شرُوع ہی سے ____________ ہے اور سچّائی پر قائِم نہیں رہا کیونکہ اُس میں سچّائی ہے نہیں۔ جب وہ جُھوٹ بولتا ہے تو اپنی ہی سی کہتا ہے کیونکہ وہ ____________ ہے بلکہ جُھوٹ کا باپ ہے۔"

**نوٹ:** ایک لحاظ سے، شیطان کو نیکی اور بدی کی لڑائی میں خُدا پر برتری حاصل ہے۔ کیونکہ خُدا صرف سچائی کا استعمال کرتا ہے، لیکن شیطان اپنے مقاصد کو بہترین طریقے سے پورا کرنے کے لیے سچ یا جھوٹ کو مِلا کر استعمال کر سکتا ہے۔ (اِس سبق کے آخر میں "غیر متوقع کی اُمّیدرکھیں" کے عنوان سے ضمیمہ دیکھیں۔)

## 6. شیطان سب سے زیادہ خطرناک کب ہوتا ہے ؟

**2۔ کرنتھیوں 14:11** "اور کُچھ عجب نہیں کیونکہ شَیطان بھی اپنے آپ کو نُورانی ___________ کا ہم شکل بنا لیتا ہے۔"

**نوٹ:** یسُوع نے خبردار کیا ہے ، " جُھوٹے نبیوں سے خبردار رہو جو تُمہارے پاس بھیڑوں کے بھیس میں آتے ہیں مگر باطِن میں پھاڑنے والے بھیڑئے ہیں۔" (متی 15:7)۔ (شیطان سب سے زیادہ خطرناک اُس وقت ہوتا ہے جب وہ خود کو کلیسیاء کے اندر رُوحانی خادم کے طور پر پیش کرتا ہے ۔) اُس سبق کے آخر میں" ایک ممتاز فرشتہ "کے عنوان سے ضمیمہ دیکھیں ۔

## 7. کیا شیطان بائبل مُقدّس کو جانتا ہے ؟

**متی 5:4، 6** "'تب اِبلِیس اُسے مُقدّس شہر میں لے گیا اور ہَیکل کے کنگُرے پر کھڑا کر کے اُس سے کہا کہ "اگر تُو خُدا کا بیٹا ہے تو اپنے تئِیں نِیچے گِرا دے __________ لِکھا ہے کہ وہ تیری بابت

اپنے  فرشتوں کو حُکم دے گا اور وہ تُجھے ہاتھوں  پر اُٹھا لیں  گے اَیسا نہ ہو کہ تیرے پاؤں کو پتّھر سے ٹھیس لگے۔"

**نوٹ:** شیطان لوگوں کو دھوکہ دینے کی غرض سے بائبل مُقدّس کی  نقالی  کرنے اور اُس میں  جعل سازی  کرنے کا ماہر ہے۔اِس لیے یہ ضروری ہے کہ خدا کے لوگ گمراہ ہونے سے بچنے کے لیے اپنے لیے صحیفوں کو جانیں ۔

## 8۔ زمِین پر شیطان کس سے سب سے زیادہ نفرت کرتا ہے؟

**مکاشفہ 17:12** " اوراژدہا کو ___________ غصّہ آیا اور اُس کی ___________ اَولاد  سے جو خُدا کے حُکموں  پر عمل کرتی ہے  اور یِسُوع  کی گواہی دینے پر قائم ہے لڑنے کو گیا ۔"

## 9۔ شیطان کی تصویر کشی کرنے کے لیے بائبل مُقدّس  کن دو مہلک حیوانوں  کا استعمال کرتی ہے ؟

**1۔ پطرس 8:5** " 'تُم ہوشیار اور بیدار رہو۔ تُمہارا مُخالِف اِبلِیس گرجنے والے __________ کی طرح ڈھونڈتا پھرتا ہے کہ کِس کو پھاڑ کھائے۔"

**مکاشفہ 9:12** " اور وہ بڑا اژدہا یعنی وُہی پُرانا __________ جو اِبلِیس اور شَیطان کہلاتا ہے اور سارے جہان کو گُمراہ کر دیتا ہے زمِین پر گِرا دِیا گیا اور اُس کے فرِشتے بھی اُس کے ساتھ گِرا دِئے گئے۔

**نوٹ:** شیر اور سانپ اپنے شکار کو پکڑنے کے لیے چپکےسے اور پلٹ کر وار کرتے ہیں۔ شیطان کی طرح، وہ اپنے متاثرین پر اچانک ٹوٹ  پڑتے ہیں جو اُن  کی سنگدلی  اور ظلم  سے بے نیاز ہوتے ہیں۔

## 10۔ شیطان کا مقابلہ کرنے کا واحد طریقہ کیا ہے ؟

**یعقوب 7:4 ، 8** " 'پس خُدا کے __________ ہو جاؤ اور اِبلِیس کا مُقابلہ کرو تو وہ تُم سے بھاگ جائے گا۔ 'خُدا کے نزدِیک جاؤ تو وہ __________ __________ آئے گا۔ اَے گُنہگارو! اپنے ہاتھوں کو صاف کرو اور اَے دو دِلو! اپنے دِلوں کو پاک کرو۔ "

**نوٹ:** خُدا کے قریب آنے کے بہترین طریقے دعا کے ذریعے، اُس کے کلام کے ذریعے اُسے جاننے کی کوشش کرنا، اور اُس کی کامل مرضی کے تابع ہونا ہے۔

## 11۔ یسُوع نے شیطان کے حملوں کا مقابلہ کیسے کیا ؟

**متی 10:4** "یسُوع نے اُس سے کہا اَے شَیطان دُور ہو __________ __________ ہے کہ تُو خُداوند اپنے خُدا کو سِجدہ کر اور صِرف اُسی کی عبادت کر۔"

**افسیوں 17:6** " اور نجات کا خَود اور __________ کی __________ جو خُدا کا کلام ہے لے لو۔"

**عبرانیوں 12:4** "کیونکہ خُدا کا __________ زِندہ اور مُؤثِر اور ہر ایک دو دھاری تلوار سے زِیادہ تیز ہے اور جان اور رُوح اور بند بند اور گُودے کو جُدا کر کے گُذر جاتا ہے اور دِل کے خیالوں اور اِرادوں کو جانچتا ہے۔"

**نوٹ:** شیطان کے مکار  فریبوں سے ہماری واحد محافظت  خُدا کے کلام کو اپنے  ذہنوں میں محفوظ کرنا ہے تاکہ ہمیں گناہ سے بچایا جا سکے ۔ وہی ہتھیار جو یسُوع نے شیطان سے لڑنے کے لیے استعمال کیے تھے آج ہمارے لیے درکار اور دستیاب ہیں ۔

- "میں نے تیرے کلام کو اپنے دل میں رکھ لیا ہے تاکہ مَیں تیرے خلاف گناہ نہ کروں -"(زبُور 11:119)
- "خُدا کے سب ہتھیار باندھ لو تاکہ تم ابلیس کے منصُوبوں کے مُقابلہ میں قا ئم رہ سکو -"(افسیوں 17:6)

## 12. شیطان اور اُس کے فرشتوں کا حتمی انجام کیا ہوگا ؟

**یسعیاہ 15:14** "لیکن تُو پاتال میں ____________ کی تہہ میں اُتارا جائے گا۔"

**متی 41:25** " پھر وہ بائیں طرف والوں سے کہے گا ، "" اَے ملعُونو میرے سامنے سے اُس ہمیشہ کی ____________ میں چلے جاؤ جو ابلیس اور اُس کے فرشتوں کے لیے تیار کی گئی ہے -"

**مکاشفہ 10:20** " اور اُن کا گمراہ کرنے والا ابلیس آگ اور گندھک کی اُس ____________ میں ڈالا جا ئے گا جہاں وہ حَیوان اور جُھوٹا نبی بھی ہو گا اور وہ رات دِن ابدُالآباد عذاب میں رہیں گے -"

**نوٹ:** بائبل مُقدّس اِس حتمی سزا کو "دُوسری مَوت" کے طور پر بیان کرتی ہے، جس کے بعد نہ کوئی قیامت یا ضمانت ہے (مکاشفہ 14:20)۔ بالآخر، شیطان، اُس کے فرشتے، اور تمام شریر اُن اَبدی شعلوں میں بھسم ہو جائیں گے۔

## 13. کیا شیطان خُدا کے لوگوں کو آزمانے کے لیے دوبارہ کبھی سر اُٹھا ئےہوگا ؟

**حزقی ایل 18:28** " ...... اِس لِئے مَیں تیرے اندر سے آگ نِکالُوں گا جو تُجھے ____________کرے گی اور مَیں تیرے سب دیکھنے والوں کی آنکھوں کے سامنے تُجھے زمِین پر راکھ کر دُوں گا۔

**حزقی ایل 19:28** "قَوموں کے درمِیان وہ سب جو تُجھ کو جانتے ہیں تُجھے دیکھ کر حَیران ہوں گے۔ تُو ____________ ہو گا اور باقی نہ رہے گا۔"

**ناحوم 9:1** " وہ بالکُل نابُود کر ڈالے گا ۔ عذاب ____________ نہ آئے گا۔"

## 14. شریروں کی تباہی کے بارے میں خُدا کیسا محسوس کرتا ہے ؟

**حزقی ایل 11:33** "تو اُن سے کہہ خُداوند خُدا فرماتا ہے مُجھے اپنی حیات کی قَسم شرِیر کے مَرنے میں مُجھے کُچھ ____________ نہیں بلکہ اِس میں ہے کہ شرِیر اپنی ____________سے باز آئے اور زِندہ رہے۔ اَے بنی اِسرائیل باز آؤ۔ تُم اپنی بُری ____________ سے باز آؤ۔ تُم کیوں مَرو گے؟

**آپ کا جواب:**

یہ دل چھونے والی تصویر دِکھاتی ہے کہ ہمارا آسمانی باپ اپنے گمراہ بچوں کے بارے میں کیسا محسوس کرتا ہے ۔ وہ نہ صرف ہماری جگہ مرنے کو تیار تھا ، وہ ایک قدم اور آگے بڑھ گیا-اس نے اپنا سب سے بڑا تحفہ ،یعنی اپنے بیٹے کوبخش دیا !خُدا کسی کو ہلاک کرنا نہیں چاہتا ۔ وہ آپ کی مخلصی کے لیے نہایت بے چین ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ یسؔوع آپ کی جگہ مر گیا ۔ دُنیا کا بیشتر حصّہ خُدا کے خلاف بغاوت میں شیطان کے ساتھ شامل ہو گیا ہے ۔ کیا آپ اب اس سے مُحبّت کرنے اور اُس کی خدمت کرنے کا انتخاب کریں گے ؟

**میرا جواب:** ________________________________________-

# اضافی مطالعہ

## صُور اور بابل کے بادشاہوں کے ذریعہ شیطان کی علامت

یسعیاہ 14-15:4 میں ، بائبل مُقدّس شاہ بابل کو شیطان کی علامت کے طور پر استعمال کرتی ہے ، اور حزقی ایل 28-19:11 میں ،صُور کے بادشاہ کو شیطان کی علامت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ دونوں صورتوں میں، ہم جانتے ہیں کہ علامت زمینی بادشاہوں سے بڑھ کر ہے کیونکہ خُدا کی ذات کی وضاحت کسی اِنسان پر لاگو نہیں ہو سکتی۔ نبی ان زمینی بادشاہوں کے پیچھے شیطانی طاقت کو بیان کر رہا ہے۔ صحیفوں کے ذیل کے اقتباسات میں لوسیفر کے بیان کردہ طریقوں پر غور کریں۔ وہ تھا:

- یسعیاہ 12:14 — "اَے صُبح کے روشن ستارے تُو کیونکر آسمان پر سے گِرپڑا!
- حزقی ایل 12:28 — "تُو خاتمِ الکمال دانِش سے معمُور اور حُسن میں کامل!
- (13 آیت) — تُو عدن میں باغِ خُدا میں رہا کرتا تھا۔
- (13آیت) — ہرا یک قیمتی پتھرتیری پوشش کے لیے تھا۔
- (14آیت) — تُو ممسُوح کرُّوبی تھا جو سایہ افگن تھا۔
- (14 آیت) — تُو خُدا کے کوہِ مُقدّس پر قائم تھا۔
- (15 آیت) — تُواپنی پیدایش ہی روز سے راہ و رسم میں کامل تھا۔

چونکہ بابل اور صور کے بادشاہوں نے شیطان کی پالیسیوں کی نمائش کی اور اُنہیں اپنے باد شاہی انتخاب کے مطابق تباہی کا سامنا کرنا پڑا، خُدا نے اُنہیں خود شیطان کی نمائندگی کرنے کے لیے استعمال کیا۔ تقریباً تمام بائبل مُقدّس کے تمام عالمِ دین اِس علامت پر متفق ہیں۔ اتفاق سے، بائبل مُقدّس لوسیفر کے بارے میں بہت سے دوسرے حوالہ جات درج کرتی ہے—دیکھئے لوقا4:5-6 ؛ 18:10:1; یوحنا 44:8؛ 2۔ پطرس 4:2 ؛ 1 ۔یوحنا 8:3؛ یہوداہ 6:1؛ مکاشفہ7:12-9—لیکن حزقی ایل 28 اور یسعیاہ 14 ابواب کے بغیر، ہمارے پاس مکمل کہانی نہیں ہوگی۔

## غیرمتوقع کی اُمّید رکھیں۔

بہت سے لوگ توقع کرتے ہیں کہ شیطان آخری وقت میں خُدا کے دُشمن کے طور پر کھل کر ظاہر ہوگا ، لیکن اَیسا نہیں ہے ۔ درحقیقت شیطان خُدا کا بدترین حریف ہے ، لیکن اِس کانقطہ نظر راستبازی کا بہانہ کرنا ہوگا ۔( متی 24:24) وہ ایک جلالی، فرشتہ کے صُورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔ ( 2 ۔کرنتھیوں (11-15:13)اوروہ اپنی عبادت کرنے کی کوشش کرے گا( مکاشفہ 13:12)صحیفے واضح طور پر بتاتے ہیں کہ اُس کا مذہبی جانشین محافظ اتنا قائل کرنے والا ہوگا کہ" ساری دُنیا "اُس حَیوان پر تعجُب کرے گی۔ ( مکاشفہ 3:13)۔
ایک المیہ کے بارے میں بات کریں !شیطان مسیح کا روپ دھارنے میں اتنا موثر ہوگا کہ عملی طور پر پوری دُنیا اس کی پیروی کرے گی ، یہ سوچ کر کہ وہ یسُوع کی پیروی کر رہے ہیں ۔ کیا آپ کو دھوکہ دیا جائے گا ؟ اگر آپ اِس سلسلے میں پیش کردہ بائبل مُقدّس کے انتباہات پر دھیان دیتے ہیں!تو دھوکا نہیں کھائیں گے!

## ایک ممتازفرشتہ

شیطان اُس وقت خوش ہوتا ہے جب لوگ اُسے ایک سرخ ، چمگادڑ کے پروں والی مخلوق کے طور پر پیش کرتے ہیں جو جزوی انسان اور جزوی جانور ہے ، جس کے دو سینگ اور ایک لمبی ، نکیلی دُم ہوتی ہے ،جس کے ہاتھ میں ترنگل یعنی دوشاخہ کانٹا ہوتا ہے اور جہنم کی آگ بھڑکا رہا ہے ۔ با ۔جو با ئبل مُقدّس کہتی ہے سچا ئی ہے اِس کے علاوہ سب قیا س آرا ئی ہے اِس طرح کے تصورات یونانی افسانوں سےملتے ہیں ۔ یہ بیہودگی کتاب میں کہیں نہیں ملتی ۔اِس کے بجائے ، بائبل مُقدّس شیطان کو ایک شاندار ، اِنتہائی پرکشش فرشتہ کے طور پر بیان کرتی ہے جس میں بات چیت کرنے کی غیر معمولی صلاحیت ہے ۔ وہ صحیفوں سے بھی اچھی طرح واقف ہے ۔ (متی 4:5-6)۔
شیطان خود کو خُدا کے برا بر ٹھہرا کر اُس کا حریف بننے کا اعلا ن کرتا ہے ۔ جس کا مقصد اُس کے کردار کو بدنام کرنا اور اُس کی بادشاہی پر قبضہ کرنا ہے ۔ شیطان آپ کو اور آپ کے پیاروں کو بھی حقیر سمجھتا ہے اور آپ کو تباہ کرنے کا منصوبہ بناتا ہے ۔ یہ سلسلہ وار مطالعہ آپ کو اُس کے منصوبوں کو سمجھنے اور اُنہیں

ناکام بنانے کا طریقہ سیکھنے میں مدد کرے گا ۔ اپنی زندگی کو اپنے طاقتور نجات دہندہ کی محافظت میں رکھیں-اور اُس کی رہنمائی کے لیے دِل سے دُعا کریں ۔